بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے بی (لیجس-۱۷ (1) / ۲۰۱۸ء

مورخہ ۳۰ نومبر ۲۰۲۰ء

بجانب:-

۱) جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

۲) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری،
محکمہ داخلہ وقبائلی امور،
حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

عنوان:- **قرارداد نمبر ۹۰**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۷ نومبر ۲۰۲۰ء میں پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۹۰ منجانب جناب اختر حسین لانگو، ملک نصیر احمد شاہوانی، اور احمد نواز بلوچ اراکین صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:-

(نیز قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر (2)114 کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے اس اطلاع کی تاریخ سے ساٹھ یوم کے اندر پاسداری رپورٹ کی شکل میں آگاہ کریں)۔

قرارداد

"ہرگاہ کہ ضلع کوئٹہ کے مضافاتی علاقے جن میں دشت، سپین کاریز اور ہنہ اوڑک وغیرہ شامل ہیں کے روڈوں پر نوجوانوں کی جانب سے چھٹی کے دن موٹرسائیکلوں پر ون ویلنگ کی جاتی ہے جس کے نتیجے میں اب تک کئی نوجوانوں کی جانیں ضائع اور متعدد زخمی و معذور ہو چکے ہیں۔ لیکن حکومت کی جانب سے اسکی روک تھام کے لئے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں۔ لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ دشت، سپین کاریز اور ہنہ اوڑک وغیرہ میں نوجوانوں کی جانب سے موٹرسائیکلوں پر کی جانیوالی ون ویلنگ کی روک تھام کے حوالے سے فوری طور پر عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ تاکہ مستقبل میں نوجوانوں کے جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔"

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع وضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۴) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

30/11/020

(عبدالرحمن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner